© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆ صحافیوں کو دھمکیاں، تشدد، اغوا کے واقعات، پیمرا آرڈیننس کا نفاذ۔ (ایک خبر)

ہم قلم احباب، شورشؔ! مضطرب ہوتے ہیں کیوں　　ماضیٔ مرحوم میں بھی یہ ستم ہوتے رہے
راست گفتاری پہ شاعر کی زباں کٹتی رہی　　ہاتھ سچّی بات لکھنے پر قلم ہوتے رہے

☆ چودھریوں کے خلاف نفرت بڑھ رہی ہے، ق لیگ چھوڑنے پر مجبور ہوں۔ (علی حسن گیلانی)

چلو تم اُدھر کو ہوا ہو جدھر کی

☆ ملتان۔ کینال افسروں نے بغیر کیسی درخت، اراضی کو باغ ڈکلیئر کر کے ۳ گنا پانی دے دیا۔ (ایک خبر)

”ہُن پانی دا راکھی ، کمپیوٹر بہہ گیا اے“

☆ ہر گھر میں چولہا جلے گا، ہر شہری کو چھت ملے گی۔ (ایک خبر)

ڈھائی سو روپے گوشت تے ۶۰ روپے دالاں
مار غریبا ! پُٹھیاں چھالاں

☆ بے نظیر سے ڈیل نہیں ہو رہی۔ (صدر پرویز)

پیپلز پارٹی سے ڈیل جا رہی ہے۔ (شیخ رشید)

☆ حکمران اتحاد کے رہنما، بحران کے دوران ہمیشہ مجھے تنہا چھوڑ دیتے ہیں پہلی بار پریشان ہوا ہوں۔ (صدر مشرف)

کہ پریشاں کرنے والوں کو پریشاں ہم نے دیکھا ہے

☆ چیف جسٹس کے خلاف نیا ریفرنس تیار کر لیا مناسب وقت پر پیش کیا جائے گا۔ (وصی ظفر)

پہلے ریفرنس سے تو فارغ ہو لیں!

☆ جوار کا نماز پڑھنا چاہتے ہیں چلے جائیں، سپیکر نے نماز مغرب کے لیے وقفہ نہ کیا۔ (ایک خبر)

وہ تو چاہتے ہیں کہ نمازی ارکان مستقل طور پر چلے جائیں

☆ بجٹ سے عام آدمی کو خاص فرق نہیں پڑے گا۔ (ماہرین اقتصادیات)

خاص آدمی کو تو ضرور فرق پڑے گا

☆ عمران خان پاکستان کی سیاست کو لندن کی سڑکوں پر نہ لائیں۔ (سنیٹر طارق عظیم)

کراچی کی سڑکوں پر چاہے لاشوں پہ لاشے گرتے رہیں

☆ فوج پر تنقید ملک کے خلاف سازش ہے۔ (شوکت عزیز)

سیاست کے کرشمے ہیں!

☆ حکمران اپنے گناہوں کا بوجھ کسی ادارے پر نہ ڈالیں۔ (جاوید ہاشمی)

اسی لیے سارا بوجھ آپ پر ڈالا ہے



© rasailojaraid.com